© rasailojaraid.com



قارئین

بنام مدیر الحق


— سرجری اور اسلام ۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب ۔ فرانس

— حجیت حدیث اور مغربی ادارے ۔ ڈاکٹر محمد یوسف فاروقی

— "بغداد" ۔ تعاقب ۔ مولانا عبدالعزیز مظاہری

— قادیانیوں کی علمی ادبی خفیہ سازشیں اور کتاب جہاد ۱۸۵۷ء از پیام شاہجہانپوری ۔


# افکار و تاثرات

**سرجری اور اسلام** ماہ رجب کا شمارہ الحق آج پہنچ گیا، باعث ممنونیت و مسرت ہوا۔ اس دفعہ "سرجری" کے عنوان سے جو عالمانہ مضمون مولانا محمد عبداللہ طارق دہلوی صاحب نے شائع فرمایا ہے، اسے خود طبیب نہ ہونے کے باوجود شوق سے پڑھا اور مستفید ہوا۔ عنوان اگر جراحی ہوتا تو بہتر ہوتا کہ یہ لفظ ہماری زبان میں موجود ہے۔ صہ۲۰ سطر ۴ تا ۵ میں لکھا ہے کہ "مسلم سرجن جو تجربات کرتے تھے وہ پرندوں، بندروں اور انسانی لاشوں پر کرتے تھے۔" کیا وہ اس کا حوالہ دے سکیں گے؟ چند سال قبل میں اٹلی گیا تھا۔ تو وہاں ایک یونیورسٹی (جامعہ) میں ہمیں بتایا گیا کہ "دنیا میں پہلی دفعہ کسی لاش کی چیر پھاڑ یہاں کی گئی اور یہ لاش کی میز ہے۔ اور یہاں اوپر طلبہ کھڑے رہ کر استاد کے عمل کا مشاہدہ کرتے تھے۔"
اس لئے مطلوبہ حوالہ کی اہمیت ہے۔ میں نے مرحوم مولانا ابوالوفاء افغانی سے بھی ایک بار دریافت کیا تھا کہ آیا ان کے علم میں کتب فقہ و تاریخ وغیرہ میں ایسا کوئی واقعہ ہے کہ کوئی کفن چور (نباش) لاش کو چرا کر جراحوں کو فروخت کرتا پایا گیا ہو؟ انہوں نے لاعلمی ظاہر فرمائی تھی۔ میری اس زحمت دہی کو معاف فرمائیں۔

نیازمند

محمد حمید اللہ ۔ پیرس ۔ ۱۲ر شعبان

**حجیت حدیث پر انگریزی مواد** یہاں آنے کے بعد سے میں نے جو کچھ اب تک یہاں کی لائبریریوں اور جامعات کو دیکھا ہے ان کو دیکھ کر یہ احساس بہت زیادہ بڑھ گیا ہے کہ ہمارے علماء کرام نے بالخصوص حجیت حدیث پر جو گرانقدر کام کیا ہے یہ سارا ذخیرہ کسی طرح انگریزی زبان میں منتقل ہو جائے اور کوئی ایسا ٹرسٹ بھی قائم ہو جائے جو ان کتابوں کو مغرب کی جامعات تک پہنچا سکے۔ یہاں کتابوں کی خرید میں مستشرقین ہی کی کتابوں



© rasailojaraid.com